لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ ذیقعدہ ۱۳۳۶ھ مطابق ۵ ستمبر ۱۹۱۸ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر منشی درگا پرشاد اُمیدوار۔	۱
۲	رخصت الہند نقاہت۔	۲
۳	مستقلی ہیڈ کانسٹبل پولیس۔	"
۴	نسبت اختیارات صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع۔	"
۵	ہدایات بہ اہالیان محافظ خانہ وتبادلہ نوازش علیخان۔	"
۶	نقشہ بارش و نرخنامہ اجناس وحیات وممات۔	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تفصیل

۱۲ اگست ۱۹۱۸ء

حسب استدعاء صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار تقرر منشی درگا پرشاد امیدوار بمشاہرہ تیس روپیہ ماہوار بعہدہ [illegible] بجائے [illegible] منظور فرمایا گیا۔

نقل احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ ر اگست سنہ ۱۹۱۹ء

بملاحظہ نوٹ ناظم صاحب، رخصت مزید تین ماہ، محمد حسین اہلمد اجلاس نظامت باستقام سابقہ منظور ہوئی۔

مستقلی

۱۲ ر اگست سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ مہدی نبی ہیڈ کانسٹبل (جنکا تقرر ۱۰ ر جنوری سنہ ۱۹۱۳ء کو امتحاناً چھ مہینے کے واسطے ہوا تھا) مستقل کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۰ ر اگست سنہ ۱۹۱۹ء

مجسٹریٹ صاحب ضلع نے مسمیان چھن ودیبی ساکنان قصبہ سیفنی تحصیل شاہ آباد کے نام پولیس کے رجسٹر نمبر ۸ و نمبر ۱۰ سے خارج کرنیکا حکم مورخہ ۲۷ ر مارچ سنہ ۱۹۱۶ء بربناء درخواست نامبردگان صادر کیا تھا۔ اسپر یہ بحث پیش آئی تھی کہ آیا عدالت کو پولیس کے رجسٹران نمبر ۸ و نمبر ۱۰ سے کسی شخص کا نام خارج کرنیکا حکم دینے کا اختیار ہے یا نہیں۔ ابھی ان کاغذات پر اجلاس ہذا سے کوئی حکم نہیں ہوا تھا کہ مجسٹریٹ صاحب ضلع نے ۱۲ ر اپریل سنہ ۱۹۱۹ء کو بربناء درخواست محمد علیخان عرف اللہ مسکہ خان ساکن محلہ بنگلہ آزاد خان نمبر ۲ نام ہسٹری شیٹ یعنی رجسٹر نمبر ۸ سے خارج کرنیکا حکم دیا۔ اس حکم کی سلسلہ میں بجلہ کاغذات سابقہ شامل کر کے اختیار متذکرہ صدر کا تصفیہ کرنے کے لئے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے تحریک فرمائی ہے۔ پولیس مینول کے ملاحظہ سے معلوم ہوا کہ مجسٹریٹ ضلع کو انگریزی میں رجسٹر نمبر ۸ میں اندراج نام و اخراج نام کا اختیار حاصل ہے۔ اور اسی بنا پر صاحب مجسٹریٹ نے یہ حکم اول صادر کیا ہے۔ لیکن رجسٹر نمبر ۸ کی نسبت ایسا اختیار انگریزی میں بھی مجسٹریٹ ضلع کو حاصل ہونا معلوم نہیں ہوتا۔ ریاست میں چونکہ اختیارات مذکورہ مجسٹریٹ ضلع کو تفویض ہونے کی نسبت کوئی حکم نہیں ہے اور بلحاظ اسکے ریاست کے مجسٹریٹ ضلع کی حیثیت بھی اس مخصوص مسئلہ میں انگریزی کے مجسٹریٹ ضلع کی حیثیت سے جداگانہ ہے جیسا کہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے تحریر فرمایا ہے۔ پولیس کے رجسٹران نمبر ۸ و نمبر ۱۰ کی نسبت کوئی حکم مجسٹریٹ صاحب ضلع کو صادر کرنا مناسب نہیں ہے۔

لہذا حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل روبکار ہذا شامل کاغذات متعلقہ کرکے باجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مرسل ہو۔

(دستخط) [illegible]

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۶ ر اگست سنہ ۱۹۱۹ء

محافظ خانہ میں باہمی رنجش و جھگڑا ہونا اچھا نہیں ہے کسی وقت میں عاملیان محافظ خانہ کو سخت نقصان اوٹھانا پڑیگا۔ کار سرکار میں جھگڑے و فساد یکدلی سے سب کو کرنا چاہئے۔ نوازش علیخان کی پہلے ایک مرتبہ رشید حسن سے محافظ خانہ میں لڑائی ہوئی اوسکے بعد وہ اہلمدی اجراء کو دیوانی میں تبدیل ہوا۔ وہاں مفتی صاحب دیوانی اوسکے شاکی ہوئے۔ پھر اوسکا تبادلہ محافظ خانہ میں کر دیا گیا۔ اب پھر شکایت آئی ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نوازش علیخان محافظ خانہ سے اپنی تنخواہ پر عدالت آنریری مجسٹریٹ صاحبان میں پیشکاری پر تبدیل ہو۔ اور اشفاق حسین خان عدالت مذکورہ سے بجائے الفت رائے اہلمدی اجی پر تبدیل ہو۔ اشفاق حسین خان کو مبلغ پانچ روپیہ جرمانہ ہوا اور ٹینگ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر نسبت کام اشفاق حسین خان جب رپورٹ کرینگے اوس وقت حکم مناسب صادر ہوگا۔

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ فقط

(دستخط) [illegible]

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	تفصیل فوتی: ۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زائد: مرد	تفصیل فوتی: ۱۲ سال سے زائد: عورت	تفصیل فوتی: میزان: مرد	تفصیل فوتی: میزان: عورت	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل فوتی: تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: بخار	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: [illegible]	تفصیل امراض: میزان	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۳	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۳	۲۱	۹	۲	۲۵	۳۲	۳	۳۰	۴۰	۴	۰	۱۷	۱۱	۵۱	۵۱	۸۷	۱۵	۰	۶۱	۰	۴۱	۰	۰	۰	۱۰۲	
گنج	۹	۳	۳	۰	۱۶	۱۲	۴	۱۰	۱۸	۰	۰	۷	۱۰	۱۷	۲۸	۴۲	۳	۰	۲۳	۰	۲۲	۰	۰	۰	۴۵	
حوالی شہر	[illegible]	۹	۵	۹	۲۷	۹	۱۸	۸	۰	۱	۱	۳	۱	۱۳	۲	۵	۱۰	۰	۰	۰	۱۳	۱	۰	۰	۱۵	
عظیم نگر	۵	۵	۱۰	۳	۲۴	۱۵	۹	۱	۲	۱	۰	۷	۰	۹	۲	۴	۷	۰	۰	۰	۱۱	۴	۰	۰	۱۱	
شاہ آباد	۱۲	۱۹	۱۰	۳۰	۶۱	۲۲	۳۹	۲۰	۱۷	۳	۱	۲۲	۲۰	۴۵	۳۸	۳۳	۵۰	۰	۲۲	۰	۶۱	۰	۰	۰	۸۳	
پٹوائی	۱۴	۳۷	۳	۲۳	۷۵	۱۵	۶۰	۱۰	۵	۰	۵	۳۹	۱۳	۴۹	۲۴	۱۱	۴۲	۰	۰	۶۹	۰	۳			۷۳	
ملک	۹	۳۳	۸	۳۹	۸۹	۱۷	۷۲	۲۷	۱۳	۳	۳	۳۰	۹	۵۰	۲۶	۱۳	۶۲	۰	۰	۲	۷۶	۰	۰	۰	۷۶	
بلاسپور	۶	۱۰	۳	۳	۲۲	۹	۱۳	۷	۲	۰	۱	۱۳	۷	۱۹	۹	۱۵	۱۳	۰	۰	۱	۲۶	۲	۰	۰	۲۸	
کیمری	۳	۲۲	۱	۵	۳۱	۵	۲۶	۱۰	۱۹	۹	۱۳	۴	۲	۳۳	۲۴	۱۳	۴۳	۰	۰	۰	۵۷	۰	۰	۰	۵۷	
سوار	۱۹	۹	۱۳	۱۲	۵۳	۳۲	۲۱	۱۰	۵	۳	۲	۲۷	۱۳	۴۰	۲۱	۴۱	۲۰	۰	۲	۰	۵۷	۲	۰	۰	۶۱	
ٹانڈہ	۴	۱	۲	۲	۹	۶	۳	۰	۱	۱	۱	۶	۳	۷	۵	۹	۳	۰	۲	۰	۹	۱	۰	۰	۱۲	
میزان	۱۰۲	۱۶۹	۶۷	۱۱۹	۴۳۲	۱۷۴	۲۶۸	۱۳۳	۱۲۲	۲۵	۲۷	۱۷۵	۹۰	۳۳۳	۲۳۰	۲۷۳	۲۶۸	۰	۱۱۰	۷۲	۳۷۳	۷	۰	۰	۵۶۳	